الفاظ معنی اور ذخیرہ الفاظ کے ساتھ
بونا گھمن گھیر

بونا گھمن گھیر

پیارے بچّو! کسی ملک میں ایک آدمی رہتا تھا۔ وہ حد سے زیادہ شوخ تھا۔ ایک دن وہ بادشاہ کے دربار میں بیٹھا تھا۔ اُس نے باتوں باتوں میں ایک شیخی بیان کی: ''بادشاہ سلامت! میری بیٹی اِس قدر باصلاحیت ہے کہ وہ گھاس کے تنکوں سے بھی سونا بنا سکتی ہے۔'' بادشاہ نے حکم دیا:

''اُس باکمال لڑکی سے ہم ضرور ملنا چاہیں گے۔'' بادشاہ نے اس آدمی کو حکم دیا کہ اس لڑکی کو دربار میں پیش کیا جائے۔ اگلے دن اُس آدمی کی بیٹی بادشاہ کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ وہ بہت پریشان تھی۔ اب بادشاہ اُسے لے کر ایک کمرے میں گیا۔ جہاں گھاس کا ڈھیر موجود تھا۔ بادشاہ نے لڑکی سے کہا:

''تمہارے پاس رات بھر کا وقت ہے۔ اس گھاس

کو سونا بنا دو، ورنہ کل صبح کا سورج دیکھنے کے لیے تم زندہ نہیں رہو گی۔"

یہ کہہ کر بادشاہ نے کمرے کا دروازہ باہر سے بند کر دیا اور چلا گیا۔ بادشاہ کے جانے کے بعد لڑکی غم سے رونے لگی۔ ابھی تھوڑی ہی دیر گزری تھی کہ اُس لڑکی نے محسوس کیا کہ کمرے میں اُس کے علاوہ کوئی اور بھی ہے۔ اس نے غور سے دیکھا تو وہاں ایک بونا موجود تھا۔

"مَیں یہاں تمہاری مدد کرنے آیا ہوں، مگر یہ بتاؤ کہ تمہاری مدد کے بدلے میں مجھے کیا ملے گا؟" بونے کی بات سُن کر لڑکی بولی:

"اگر تم اس گھاس کو سونا بنا دو تو میں اپنے گلے میں موجود ہیروں کا ہار تمہیں دے دوں گی۔"

بونے کو یہ سودا پسند آیا اور کام شروع کر دیا۔ اُس نے جادو کے زور پر ساری گھاس کو سونا بنا دیا۔ بادشاہ نے جب سونے کا ڈھیر دیکھا تو اُس کے دل میں لالچ آ گیا۔ اب اُس نے ایک کمرے میں پہلے سے زیادہ گھاس رکھی اور لڑکی سے کہا:

"اب اِس گھاس کو بھی سونے میں تبدیل کرو، ورنہ تم جان سے جاؤ گی۔"

وہ لڑکی کمرے میں اُداس بیٹھی تھی کہ بونا پھر سے آ گیا۔

"اگر مَیں اس بار بھی گھاس کو سونا بناؤں تو تم مجھے کیا دو گی؟"

"مَیں تمھیں اپنی اُنگلی میں موجود قیمتی اَنگوٹھی دے دُوں گی۔" یہ جواب سُن کر بونا ایک بار پھر گھاس کے تنکوں کو سونا بنانے لگا۔ جب اُس نے گھاس کے ڈھیر کو سونا بنا دیا تو لڑکی نے اپنی اَنگوٹھی اُسے دے دی اور بونا غائب ہو گیا۔

صبح جب بادشاہ کمرے میں آیا تو سونے کا ڈھیر دیکھ کر خوش ہوا۔ اب اُس نے ایک اور بہت بڑے کمرے میں گھاس جمع کی اور لڑکی سے کہا:

"دیکھو! یہ آخری بار ہے۔ اگر اِس بار بھی تم نے گھاس کو سونا بنا دیا تو مَیں تم سے شادی کرلوں گا اور اگر تم ناکام رہی تو تمھیں سزا کا علم تو ہے؟"

بادشاہ کے جاتے ہی وہ بونا پھر سے کمرے میں چلا آیا۔

"اگر میں اِس بار بھی تمہاری مشکل حل کردوں تو تم مجھے بدلے میں کیا دوگی؟" یہ سُن کر لڑکی رَوتے ہوئے بولی:

"اب تمہیں دینے کے لیے میرے پاس کچھ نہیں ہے۔ تم یہاں سے چلے جاؤ اور مجھے میرے حال پر چھوڑ دو۔"

"یہ تو کوئی بات نہ ہوئی۔۔۔۔ اب تمہارے پاس کچھ نہیں ہے تو کیا ہوا۔ تم مجھ سے ایک وعدہ کرلو کہ ملکہ بننے کے بعد جب تمہارے ہاں اَولاد ہوگی تو تم اپنا پہلا بچّہ مجھے دے دینا۔"

لڑکی نے سوچا کہ کون جانے وہ ملکہ بنتی بھی ہے یا نہیں۔۔۔۔ اس وقت جان بچانے کے لیے وعدہ کرلینا چاہیے، پھر اُس نے بونے سے وعدہ کرلیا۔ بونے نے گھاس کو سونا بنا دیا اور لڑکی کو اپنا وعدہ یاد رکھنے کی تاکید کر کے رُخصت ہوگیا۔

وہ لڑکی بادشاہ کی ہر آزمائش میں

کامیاب رہی تھی۔ اِس لیے بادشاہ نے اُس سے
شادی کرلی۔ اب وہ اُس سلطنت کی ملکہ بن گئی۔
وقت گزرتا گیا، پھر وہ وقت بھی آیا جب ملکہ ایک
پیارے سے بیٹے کی ماں بن گئی۔
ایک دن بونا ملکہ کے کمرے میں چپکے
سے چلا آیا۔ بونے کو دیکھ کر ملکہ کو اپنا وعدہ یاد
آگیا۔ بونا مسکراتے ہوئے بولا:
"ملکہ عالیہ! میں بچہ لینے آیا ہوں۔"
اب تو ملکہ بہت پریشان ہوئی اور رونے لگی۔

بونے کو ملکہ پر ترس آگیا۔ وہ کہنے لگا:
"اچھا میں تین دِن کی مہلت دیتا ہوں۔ اِن تین دِن میں
تم مجھے میرا اصلی نام بتادو تو مَیں تم سے تمہارا بیٹا نہیں
لوں گا۔ اگر تم میرا نام نہ بتاسکی تو پھر مَیں زبردستی بچہ
اپنے ساتھ لے جاؤں گا۔" یہ کہہ کر بونا غائب ہوگیا۔
بونے کے اصل نام کی تلاش میں ملکہ کے خدمت گار
جنگلوں اور پہاڑوں میں پھیل گئے۔ شام کو چند خدمت گار
واپس لوٹے تو اُنھوں نے اپنی معلومات کے مطابق چند
نام ملکہ کو بتائے، شام کو بونا آیا تو ملکہ نے وہ تمام نام

بونے کو پڑھ کر سنائے تو بونا بولا:

"ملکہ عالیہ! ان میں سے کوئی بھی نام میرا نہیں ہے۔ اب میں جا رہا ہوں، کل پھر آؤں گا۔" اگلے روز بتائے جانے والے نام سُن کر بونا بولا:

"نہیں ملکہ عالیہ، ان میں سے بھی کوئی نام میرا نہیں ہے اور کل آخری دن ہے۔ اگر آپ مجھے میرا نام نہ بتا سکیں تو میں آپ کے بچّے کو اپنے ساتھ لے جاؤں گا۔" یہ کہہ کر بونا غائب ہو گیا۔

تیسرے دن تمام خدمت گار واپس لوٹ آئے تھے، بس ایک خدمت گار رہ گیا تھا جس کی واپسی کا ملکہ کو بے چینی سے انتظار تھا۔ یہ خدمت گار جنگل کے راستے محل کی طرف واپس لوٹ رہا تھا کہ اُس نے ایک عجیب منظر دیکھا۔ ایک درخت کے نیچے آگ جل رہی تھی اور ایک بونا اُس آگ کے گرد ناچتے ہوئے گا رہا تھا:

”واہ رے گھمن گھیر۔۔۔اس کھیل میں تو جیت جائے گا اور ملکہ ہار جائے گی کیوں کہ ملکہ تیرا نام نہیں جانتی اور پھر بچّہ تیرا ہوگا۔۔۔واہ رے گھمن گھیر۔۔۔“

یہ سنتے ہی وہ خدمت گار تیزی سے محل کی طرف بھاگا اور ملکہ کو تمام واقعہ سُنا دیا۔

اب ملکہ کو بونے کا انتظار تھا، پھر اپنے وقت پر بونا آیا تو ملکہ نے پہلے تو فرضی ناموں کی ایک لمبی فہرست اُسے سُنائی۔ چوں کہ اُن میں سے کوئی بھی نام صحیح نہیں تھا اِس لیے بونا بولا:

”ملکہ! تم میرا نام نہیں جانتی اِس لیے اَب مَیں بچّے کو اپنے ساتھ لے جا رہا ہوں۔۔۔“

یہ سُن کر ملکہ تیز آواز میں بولی: گھمن گھیر! تم مجھ سے میرا بچّہ نہیں چھین سکتے کیوں کہ میں تمہارا نام جانتی ہوں۔“ ملکہ کے منہ سے اپنا نام سُن کر بونا غصے سے چیخنے چلانے لگا۔ جب تھوڑا سکون ہوا تو وہ بولا:

"ٹھیک ہے ملکہ عالیہ میں ہار گیا اور آپ جیت گئیں، مگر اتنا تو بتا دیجیے کہ آپ کو میرے نام کا علم کیسے ہوا؟"

ملکہ نے بونے کو جنگل والا تمام واقعہ سُنا دیا۔ اب بونے کو اپنی جلد بازی پر بہت افسوس ہوا۔ شوخی میں وہ یہ کھیل ہار چکا تھا، پھر وہ گھوما اور روشنی کی چنگاریوں میں غائب ہو گیا۔ اِس کے بعد اُس بونے نے ملکہ کو کبھی تنگ نہیں کیا۔ ملکہ اپنے بچّے کے ہمراہ ہنسی خوشی رہنے لگی تھی۔

English	معنی	الفاظ
Boastful	بڑھا چڑھا کر جھوٹ بولنے والا	شیخی باز
Straw	خشک گھاس	تنکا
Remarkable	جس کی طرح کا دوسرا کوئی نہ ہو	غیر معمولی
At once	اُسی وقت	فوراً
Leaped	اُچھل کر آگے بڑھا	چھلانگ لگائی
Necklace	گلے میں پہنا جانے والا زیور	ہار
Quickly	وقت ضائع کیے بغیر	تیزی سے
Vanished	نظروں سے اُوجھل ہو گیا	غائب ہو گیا
Magically	جادو کے ذریعے	جادو سے
Appeared	نظروں کے سامنے	ظاہر ہوا
Greedy	ضرورت سے زیادہ خواہش کرنا	لالچی
Satisfied	جسے اطمینان ہو جائے	مطمئن
Stacked	اُوپر نیچے رکھی تھیں	ڈھیر لگا تھا
Overjoyed	بہت ہی زیادہ خوش ہوا	بے حد خوش ہوا
Rejoiced	بے حد خوش ہوئے	خوشیاں منائیں
Forgotten	یاد نہ رہی	بھول گئی
Announced	بلند آواز میں اطلاع دی	اعلان کیا
Gleefully	خوشی خوشی	مسرت سے
Afternoon	دوپہر کے بعد	سہ پہر
Shrieked	تیز آواز نکالی	چیخ ماری
Squealed	چیخا چلایا	چیں چیں کی
Disappeared	نظروں سے اُوجھل ہو گیا	غائب ہو گیا

ننھے منّے بچّوں کے لیے پیاری پیاری کہانیاں

05

ISBN:978-969-617-531-5

رابعہ بک ہاؤس

الکریم مارکیٹ اُردو بازار، لاہور، پاکستان